USAID FROM THE AMERICAN PEOPLE

Aurat Foundation

جنسی تشدد سے متاثرہ فرد کے لیے اہم نکات

وار اگینسٹ ریپ عورت فائونڈیشن کے صنفی مساوات پروگرام کے تحت امریکہ کے ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) اور امریکی عوام کے تعاون سے کراچی میں صنفی تشدد سے متاثرہ خواتین کو اداروں کے نظام کو بہتر بناتے ہوئے محفوظ مقام مہیا کرنا اوران کو بااختیار بنانے کے منصوبے کا آغاز کر چکا ہے۔

کسی بھی قسم کے تشدد یا زنا بالجبر کے واقع کو درج کروانے کے لئے جن مندرجہ زیل اقدامات کی ضرورت ہے اسکا پہلا مرحلہ ایف. آئی. آر (F.I.R) یا ابتدائی معلومات کے اندراج سے ہوتا ہے۔

☆ بیانات کو ہمیشہ کسی محفوظ اور خاص جگہ پر لیا جائے تا کہ متاثرہ فرد بغیر کسی خوف اور دباؤ کے اپنا بیان قلم بند کروا سکے۔

☆ اپنے بیان جو کہ آپ نے پولیس کو دیا ہے اسکی ایک تحریری نقل (فوٹو کاپی) لازمی وصول کیجیئے - یہ آپ کا حق ہے کہ آپ اپنے بیان کی نقل حاصل کریں۔ جیسے ہی آپ کو مزید کچھ یاد آتا ہے تو بعد میں آپ اپنی اضافی معلومات بھی اسی بیان میں درج کروا سکتے ہیں۔

☆ یہ بھی آپ کا حق ہے کہ تمام طبی سہولیات جو کے آپ کی ضروریات ہیں آپکو فورا فراہم کی جائیں۔ چاہے آپ نے اپنا بیان پولیس کو قلم بند کروایا ہو یا نہیں کروایا ہو۔ ابتدائی طبی امداد حاصل کرنا ضروری ہے۔

☆ تمام معلومات متاثرہ فرد کو معلوم ہونی چاہیئے کہ "چاہے تشدد کرنے والا پولیس کی حراست میں ہے یا پولیس نے اسے ضمانت پر چھوڑ دیا ہو۔

☆ آپ کو ملزم یا اسکے دوست احباب/ خاندان دباؤ میں نہیں ڈال سکتے یا خوفزدہ نہیں کر سکتے اگر ایسی صورت حال ہو تو پولیس کو سخت کاروائی کرنی چاہیئے۔

☆ آپ ملزم کے خلاف قانونی کاروائی کر سکتے ہیں۔ نا صرف قانونی کاروائی بلکہ تمام اخراجات جو کہ اس دوران ہوئے ہو یا جس ذہنی یا جسمانی تکلیف سے آپ گزر رہے ہیں ان تمام کا جرمانہ وصول کر سکتے ہیں۔

☆ اگر آپکو لگتا ہے کہ آپ کے مسئلے کی مناسب تفتیش نہیں کی جا رہی تو آپ اس کے خلاف شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ اور آپ کسی بھی ایسے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں جو کہ آپ کے مسئلے کے حل میں آپکی مدد کرے اور تمام سماجی، معاشرتی اور نفسیاتی مدد آپ کو فراہم کر سکے۔

☆ آپ اپنے تمام خدشات کا ذکر اپنے میڈیکل ڈاکٹر سے کر سکتے ہیں۔ آپ کے کیس کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے آپ یا آپکے گھر والوں کو مسلسل تفتیشی افسر سے رابطے میں رہنے کی ضرورت ہے جس کے لیے آپ مندرجہ ذیل اقدامات کر سکتے ہیں۔

☆ اس افسر کا نام اور فون نمبر اپنے پاس محفوظ رکھیئے۔

☆ اس بات کی تسلی کر لیجیئے کہ آپ نے آنے والے نئے تفتیشی افسر کو تمام معلومات درج کروادی ہیں جو آپ کے مسئلے کو دیکھ رہا ہے یا اسکی تفتیش میں شامل ہے۔

☆ آپ اور آپ کے گھر والے اس بات کی تسلی کر لیجیئے کہ آپ نے اپنے تفتیشی افسر کو وہ تمام معلومات اور ہر وہ چیز بتادی ہے جو کہ ملزم کی نشاندہی کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کو ایسا لگتا ہے کہ کچھ اضافی معلومات ہے جو کہ آپ کے کیس کو مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے تو آپ اپنے تفتیشی افسر کو ضرور بتائیے۔

☆ اس بات کا خیال رکھیئے کہ آپکے گھر والے یا دوست احباب جن پر آپ بھروسہ کرتے ہیں وہی آپ کے تمام کیس میں مددگار اور معاون ثابت ہونگے۔

☆ آپ کسی بھی N.G.O یا ایسے ادارہ سے رابطہ کر سکتے ہیں جو کہ متاثرہ فرد کو تمام ضروری سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

☆ جب پولیس آپکو بتائے کہ آپکا کیس چل رہا ہے تو آپ اپنے کیس کے وکیل کا نام اور فون نمبر لازمی لیجیئے آپکو تمام ضروری معلومات دی جائیں کہ آپ کا کیس کہاں تک پہنچا۔ تا کہ آپ اپنے کیس کے متعلق ساری کاروائی سے آگاہ رہ سکیں۔

یاددہانی:- یہ بات ذہن نشین کر لیجیئے کہ FIR اور آپ کی میڈیکولیگل رپورٹ آپ کے کیس کے لئے بہت اہم ہے۔ اگر کوئی بھی ایسی ضروری معلومات جو کہ رپورٹ میں درج نہ ہو پائی ہو تو وہ آپ کے کیس کو کمزور اور آپ کے وکیل کو مشکل میں ڈال سکتی ہے۔

یہ اشاعت وار اگینسٹ ریپ نے عورت فاؤنڈیشن کے صنفی مساوات پروگرام کے تحت امریکہ کے ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے تعاون سے شائع کی۔ اس کے مندرجات وار اگینسٹ ریپ کی ذمہ داری ہے اور ان کا عورت فاؤنڈیشن، یو ایس ایڈ یا امریکی حکومت کے خیالات کا عکاس ہونا ضروری نہیں۔

GEP Gender Equity Program صنفی مساوات پروگرام

WAR SINCE 1989